بدایۃ المجتہد (اردو ترجمہ) مترجم: ڈاکٹر عبیداللہ فہد فلاحی

ناشر: دارالتذکیر، رحمٰن مارکیٹ، غزنی اسٹریٹ، اردو بازار، لاہور

بدایۃ المجتہد فقہ کی بنیادی اور اہم کتابوں میں سے ہے۔ اس کے مصنف چھٹی صدی ہجری کے، اندلس کے مشہور مالکی فقیہ قاضی ابن رشد القرطبی (۵۰۲-۵۹۵ھ) ہیں۔ اس کتاب کی ایک اہم خصوصیت یہ ہے کہ اس میں ائمہ اربعہ کے مسالک قرآن وحدیث اور قیاس پر مبنی دلائل کے ساتھ بیان کیے گئے ہیں۔ اس خصوصیت کی بنا پر اس کتاب کو اہل علم کے درمیان بڑی مقبولیت حاصل رہی ہے۔ یہ ہندوستان کے بعض دینی مدارس میں داخل نصاب ہے اور پاکستان کی جامعات میں بھی اس کی تدریس ہوتی ہے۔ ضرورت تھی کہ اس کا اردو ترجمہ کر دیا جائے: تاکہ طلبہ کے ساتھ عام مسلمان بھی اس سے فیض یاب ہوسکیں۔ ڈاکٹر عبیداللہ فہد فلاحی قابل تبریک وتحسین ہیں کہ اس ضرورت کی تکمیل ان کے ہاتھوں ممکن ہوسکی ہے اور پاکستان کے مشہور اشاعتی ادارہ دارالتذکیر نے اسے معیاری کتابت وطباعت کے ساتھ بڑی آب وتاب سے شائع کیا ہے۔

ڈاکٹر عبیداللہ فہد نے شمالی ہند کی مشہور دینی درس گاہ جامعۃ الفلاح اعظم گڑھ سے فضیلت کی ہے۔ اس کے بعد علی گڑھ مسلم یونی ورسٹی سے اعلیٰ تعلیم کی اسناد حاصل کی ہیں۔ انھوں نے اسلامی علوم کے مختلف میدانوں میں کام کیا ہے۔ قرآنیات میں ان کی کتابیں: 'قرآن مبین کے ادبی اسالیب' اور 'قرآن کریم میں نظم ومناسبت' ہندو پاک دونوں جگہوں سے شائع ہوئی ہیں۔ مسلم تاریخ اور مسلم سیاسی فکر پر ان کی متعدد کتب اردو اور انگریزی دونوں زبانوں میں شائع ہوکر علمی حلقوں سے خراج تحسین حاصل کرچکی ہیں۔ اس کے علاوہ عالم اسلام کے فکر اسلامی کے جدید علم برداروں کی متعدد کتابوں کا انھوں نے عربی سے اردو میں ترجمہ کیا ہے۔ اب زیر نظر کتاب کی صورت میں ان کا ترجمہ شائع ہوا ہے، جو فقہ سے ان کی دل چسپی کا مظہر ہے۔

مترجم قابل مبارک باد ہیں کہ انھوں نے انتہائی جاں فشانی سے اس اہم اور ضخیم